یہ پرچۂ سوالات 42 سوالوں پر اور 11 چھپے ہوئے صفحات پر مشتمل ہے۔

Roll No.
رول نمبر

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | | | | | | | | | |

Code No. 67/S/A/U
کوڈ نمبر

SET A

# URDU

# اردو

# (206)

رول نمبر (الفاظ میں) ______________________

امتحان کا دن اور تاریخ ______________________

نگرانانِ امتحان کے دستخط 1۔ ______________________

2۔ ______________________

**ھدایات :**

1. تمام سوالات کے جوابات صرف آپ کو مہیا کی گئی جوابی بیاض میں ہی کرنے ہوں گے۔
2. سوالنامہ کو پڑھنے کے لئے آپ کو 15 منٹ کا وقت دیا جاتا ہے۔ سوالنامہ 02.15 p.m. کو تقسیم کیا جائے گیا۔ 02.15 p.m. سے 02.30 p.m. تک طلبہ صرف سوالنامہ پڑھیں گے اور اس وقفہ کے دوران جوابی بیاض میں کسی سوال کا جواب نہیں لکھیں گے۔
3. طالب علم کو سوالنامے کے پہلے صفحہ پر اپنا رول نمبر لکھنا ضروری ہے۔
4. مہربانی کرکے اپنے سوالنامے کو جانچ لیجئے کہ تمام صفحات اور سوالات کی اتنی ہی تعداد ہے جتنی پہلے صفحہ کے سب سے اوپر چھپی ہے۔ اس بات کی بھی جانچ کر لیجئے کہ سوالات سیریز میں ہیں۔
5. طالب علم کو (A)، (B)، (C) اور (D) میں سے کوئی ایک جواب منتخب کرنا ہے اور الگ سے دیئے گئے جواب نامے میں اپنا صحیح جواب لکھنا ہے۔
6. معروضی سوالات کے ساتھ ساتھ سبھی سوالات کے جواب دیئے گئے وقت کے اندر دینے ہیں۔ معروضی سوالات کے لئے الگ سے وقت نہیں دیا جائے گا۔
7. طالب علم جوابی کاپی میں رول نمبر کے علاوہ اگر کوئی پہچان کا نشان یا کوئی ہدایت لکھتا ہے تو اُسے امتحان سے خارج کر دیا جائے گا۔
8. اپنی جوابی کاپی پر سوالنامے کا کوڈ نمبر 67/S/A /U- A کو لکھیے۔



Unnati Educations
9899436384, 9654279279

# URDU

# اردو

# (206)

Time : 3 Hours ] [ Maximum Marks : 100

وقت : 3 گھنٹے ] [ کل مارکس : 100

---

نوٹ : (i) یہ سوال نامہ مجموعی طور پر 42 سوالات پر مشتمل ہے۔

(ii) تمام سوالات لازمی ہیں۔

(iii) ہر سوال کے سامنے نمبر دیے گئے ہیں۔

(iv) سوال نمبر 1 سے 20 تک ایک سے زیادہ انتخابی سوالات ہیں اور ہر سوال کے لئے 1 نمبر مختص کیا گیا ہے۔ آپ سب سے موزوں آپشن کو چن کر لکھیئے۔ کچھ سوالات میں آپشنز بھی دیے گئے ہیں۔ آپ کو صرف ایک سوال کا جواب دینا ہوگا۔

(v) سوال نمبر 21 سے 25 تک مختصر تر سوالات ہیں جن میں 3 (تین) نمبروں کے دو (2) سوالات، 7 نمبروں کے 2 سوالات اور دس (10) نمبر کا ایک سوال ہے اور آپشنز بھی دیے گئے ہیں۔ ہدایت کے مطابق سوالات کے جواب دیجئے۔

(vi) سوال نمبر 26 سے 42 تک وضاحتی سوالات پوچھے گئے ہیں، جن میں کچھ متبادل سوالات بھی شامل ہیں۔ دی گئی ہدایات پر عمل کرتے ہوئے سوالات کے صحیح جواب دیجئے۔

---

1. بوڑھے کے ماں باپ، بھائی بہن، دوست اس سے کیا کہتے تھے ؟ 1

(A) ابھی وقت ہے (B) ہائے بیٹا! وقت گزر گیا

(C) گیا وقت پھر ہاتھ آتا نہیں (D) وقت سب سے بڑی دولت ہے

2. حامد بہت خوش تھا کیوں کہ 1

(A) اس کی جیب میں بہت سے روپے تھے (B) اس نے ڈھیروں کھلونے خریدے تھے

(C) وہ اپنے والدین سے ملنے جارہا تھا (D) اس کے دل میں امید کی روشنی تھی



Unnati Educations
9899436384, 9654279279

3. فہیمن کے کپڑے سینے پر امینہ کو کتنے پیسے ملے تھے ؟ 1

(A) چار پیسے (B) آٹھ آنے

(C) دس روپے (D) چھ پیسے

4. ''خوشبودار'' ایک مرکب لفظ ہے جو دو الفاظ سے مل کر بنا ہے جو درج ذیل ہیں : 1

(A) خوشبو ۔ دار (B) خوش ۔ بودار

(C) خو ۔ شبودار (D) خوشبود ۔ ار

5. غالبؔ کے مشہور شعر ''ادائے خاص سے غالبؔ ہوا ہے نکتہ سرا'' کا دوسرا مصرعہ کون سا ہے ؟ 1

(A) صلائے عام کے لیے ہے یارانِ نکتہ داں (B) صلائے عام ہے یارانِ نکتہ داں کے لیے

(C) یارانِ نکتہ داں کے لیے صلائے عام ہے (D) صلائے عام ہے نکتہ دانِ یاراں کے لیے

6. مضمون نویسی کی سب سے آسان اور بنیادی قسم کون سی ہے ؟ 1

(A) بیانیہ مضمون (B) تاثراتی مضمون

(C) تخیلی مضمون (D) ان میں سے کوئی نہیں

7. مضمون کا آغاز ________ ہونا چاہیے۔ 1

(A) بہت دلچسپ (B) بہت موثر

(C) بہت دلچسپ اور موثر (D) ان میں سے کوئی نہیں

8. ________ مضمون لکھنے کے لیے تخیل یا غور وفکر کی ضرورت ہوتی ہے۔ 1

(A) بیانیہ (B) تخیلی

(C) تاثراتی (D) ان میں سے کوئی نہیں

9. خط کی جمع کیا ہے ؟ 1

(A) خطیں (B) خطوط

(C) خطاط (D) ان میں سے کوئی نہیں



Unnati Educations
9899436384, 9654279279

10. دہلی میں ٹیلی ویژن کی نشریات کا آغاز کب ہوا ؟ 1

(A) 15/ ستمبر 1959ء (B) 14/ اگست 1964ء

(C) 12/ اکتوبر 1962ء (D) 30/ جولائی 1960ء

11. دہلی سے دوسرے چینل کا آغاز کب ہوا ؟ 1

(A) ستمبر 1984ء میں (B) اکتوبر 1984ء میں

(C) نومبر 1984ء میں (D) دسمبر 1984ء میں

یا

بھارت میں رنگین نشریات کب شروع ہوئیں ؟

(A) 1984ء میں (B) 1982ء میں

(C) 1986ء میں (D) 1988ء میں

12. ''عقل سے کورے'' کیا ہے ؟ 1

(A) روزمرّہ (B) محاورہ

(C) ضرب المثل (D) کہاوت

یا

''عقل سے کورے'' کا مطلب ہے :

(A) ناسمجھ (B) عقل مند

(C) سمجھدار (D) ان میں سے کوئی نہیں

13. خالی جگہ کو پُر کیجئے : 1

راجہ کے دربار میں ہماری بڑی ________ ہوگی۔

(A) عزت ہوگی (B) درگت ہوگی

(C) بدنامی ہوگی (D) نیک نامی ہوگی

یا

ان پڑھ نے درخت سے اتر کر اپنے ________ کی راہ لی۔

(A) گھر (B) نگر

(C) شہر (D) ملک



Unnati Educations
9899436384, 9654279279

14. درج ذیل میں سے کون سا جملہ درست ہے ؟ 1

(A) چاروں دوست وِدوان تھے۔ (B) چاروں دوست ان پڑھ تھے۔

(C) شیر کو دیکھ کر چاروں بھاگ گئے۔ (D) راجہ کے دربار میں بغیر وِدیا اسے کچھ نہ ملے گا۔

یا

کس نے کہا ؟

''چھوڑو بھی، مجھے اپنی وِدّیا دکھانے دو''

(A) پہلے برہمن نے (B) دوسرے برہمن نے

(C) تیسرے برہمن نے (D) چوتھے برہمن نے

15. وہ الفاظ جو اسم کی جگہ استعمال ہوتے ہیں، کیا کہلاتے ہیں ؟ 1

(A) اسمِ خاص (B) اسم عام

(C) صفت (D) ضمیر

یا

کسی شخص، چیز یا جگہ کے نام کو کیا کہتے ہیں ؟

(A) اسم (B) صفت

(C) ضمیر (D) فعل

16. ''پوپلی ہنسی'' کا مطلب ہے : 1

(A) پھیکی ہنسی (B) کھوکھلی ہنسی

(C) دھیمی ہنسی (D) ان میں سے کوئی نہیں

یا

''توہین'' کا مفہوم کیا ہے ؟

(A) عزت (B) عزت دار

(C) بے عزتی (D) بے غیرتی



Unnati Educations
9899436384, 9654279279

17. شام کو پبلک جلسہ کس موضوع پر تھا ؟ 1

(A) عورتوں کے فرائض پر (B) عورتوں کی ذمہ داریوں پر

(C) عورتوں کی رہنمائی پر (D) عورتوں کے حقوق پر

یا

کبیر داس کے لیے عام طور پر کیا کہا جاتا ہے ؟

(A) وہ اپنے عہد کے بہت بڑے سائنس داں تھے۔ (B) وہ ایشور کی پوجا میں مگن رہتے تھے۔

(C) کبیر داس کا پیشہ سرکاری ملازمت تھا۔ (D) وہ اپنے کو وشنو کا بھگت کہا کرتے تھے۔

18. دلوں کی پاکیزگی اور روح کی صداقت کا دوسرا نام ________ ہے۔ 1

(A) محبت (B) دوستی

(C) نفرت (D) دشمنی

یا

کبیؔر کی لاش پر سے چادر ہٹائی گئی تو ان کی لاش ________ کے ایک ڈھیر میں بدل چکی تھی۔

(A) پھولوں (B) پتھروں

(C) کنکروں (D) کانٹوں

19. جو گیت بھگوان کی تعریف کے لیے گائے جاتے ہیں، انھیں کیا کہتے ہیں ؟ 1

(A) غزل (B) نظم

(C) بھجن (D) مرثیہ

یا

خالی جگہ پُر کیجیے :

کبیر داس ________ اور مورتی پوجا کے خلاف تھے۔

(A) رسم ورواج (B) ذات پات

(C) اقربا پروری (D) ان میں سے کوئی نہیں



Unnati Educations
9899436384, 9654279279

.20 کبیر کے والد اور والدہ کا نام کیا تھا ؟ 1

(A) نیرو اور نعیمہ (B) ناصر اور نازیہ

(C) صادق اور صادقہ (D) غزالی اور غزالہ

یا

کبیؔر نے اپنے دوہوں میں __________ ۔

(A) نفرت کا پیغام دیا ہے (B) انسانیت کا پیغام دیا ہے

(C) علاقائیت کا پیغام دیا ہے (D) ان میں سے کوئی نہیں

.21 نازکی اس کے لب کی کیا کہیئے 3

پنکھڑی ایک گلاب کی سی ہے

نیچے دیے گئے سوالات میں سے کن ہی تین کے جواب لکھیے ۔

(i) یہ شعر کس شاعر کا ہے ؟ 1

(ii) ''کیا کہیئے'' کی وضاحت کیجیے ۔ 1

(iii) ''کی سی'' کا مطلب کیا ہے ؟ 1

(iv) لب اور گلاب کی پنکھڑی میں مماثلت کی بنیاد کیا ہے ؟ 1

(v) تشبیہ کی تعریف لکھیے ۔ 1

.22 اب جدھر دیکھیے لگتا ہے کہ اس دنیا میں 3

کہیں کچھ چیز زیادہ ہے، کہیں کچھ کم ہے

نیچے دیے گئے سوالات میں سے کن ہی تین کے جواب لکھیے ۔

(i) یہ شعر کس شاعر کا ہے ؟ 1

(ii) صنعتِ تضاد کسے کہتے ہیں ؟ 1

(iii) زیادہ اور کم کیا ہیں ؟ 1

(iv) شاعر دنیا میں جدھر دیکھتا ہے، اسے کیا نظر آتا ہے ؟ 1

(v) اس شعر کا بنیادی تصور کیا ہے ؟ 1



Unnati Educations
9899436384, 9654279279

23. کنگن اور چوڑی کی جھنا جھن 7
شاعر کے دل کی ہر دھڑکن
نام تیرا جیتی ہے ماتا تو کتنی پیاری ہے ماتا
چاندنی راتوں کے جلوے میں بندرابن کے سناٹے میں

ذیل میں دیے گئے سوالات میں سے صرف سات کے جواب لکھیے۔

(i) نظم کا نام کیا ہے ؟ 1
(ii) شاعر کا نام کیا ہے ؟ 1
(iii) ''نام جیتنا'' کیا ہے ؟ 1
(iv) نام جیتنا کے معنی کیا ہیں ؟ 1
(v) بندرابن کیوں مشہور ہے ؟ 1
(vi) بندرابن کس صوبے میں ہے؟ 1
(vii) ''ماتا'' کہہ کر کس کو مخاطب کیا گیا ہے ؟ 1
(viii) ''تو'' کس کے لیے استعمال کیا گیا ہے ؟ 1
(ix) ''تو کتنی پیاری ہے'' کا مطلب کیا ہے ؟ 1
(x) آخری شعر کی ردیف کیا ہے ؟ 1

24. ٹینک آگے بڑھیں کہ پیچھے ہٹیں کوکھ دھرتی کی بانجھ ہوتی ہے 7
فتح کا جشن ہو کہ ہار کا سوگ زندگی میتوں پہ روتی ہے

ذیل میں دیے گئے سوالات میں سے صرف سات کے جواب لکھیے۔

(i) نظم کا نام کیا ہے ؟ 1
(ii) شاعر کا نام کیا ہے ؟ 1
(iii) قواعد کی رو سے ''ہوتی'' اور ''روتی'' کیا ہیں ؟ 1
(iv) ان اشعار میں ردیف کی نشاندہی کیجیے۔ 1
(v) ٹینک آگے یا پیچھے ہونے سے کیا ہوگا؟ 1
(vi) ''آگے'' اور ''پیچھے'' قواعد کی رو سے کیا ہیں ؟ 1
(vii) زندگی میتوں پہ کیوں روتی ہے ؟ 1
(viii) ''فتح'' کا متضاد لکھیے۔ 1



Unnati Educations
9899436384, 9654279279

(ix) ''سوگ'' کس زبان کا لفظ ہے ؟ 1

(x) ''سوگ'' کے معنی کیا ہیں ؟ 1

25. ذیل میں دیے گئے سوالات میں سے صرف دس (10) کے جواب لکھیے۔ 10

(i) مضمون کتنی قسم کے ہوتے ہیں ؟ 1

(ii) ذاتی خط کے کتنے حصّے ہوتے ہیں ؟ 1

(iii) مضمون کے آغاز کو کیا کہتے ہیں ؟ 1

(iv) ماس میڈیا کا سب سے مقبول ذریعہ کون سا ہے ؟ 1

(v) مضمون کا درمیانی حصہ کیا کہلاتا ہے ؟ 1

(vi) کیا مضمون لکھنے کے لیے تخیل یا غور وفکر کی ضرورت ہوتی ہے ؟ 1

(vii) آپ کے کورس میں کون سا سوانحی مضمون شامل ہے ؟ 1

(viii) کہانی ''عقل کے دشمن'' میں کیا نصیحت ملتی ہے ؟ 1

(ix) کہانی ''ایک سوال'' کا تخلیق کار کون ہے ؟ 1

(x) ''منھ سے پھول جھڑنا'' کیا ہے ؟ 1

(xi) سبق ''اخبار بینی'' کا مصنف کون ہے ؟ 1

(xii) پریم چند کے دو افسانوں کے نام لکھیے۔ 1

(xiii) ''سحرالبیان'' کس کی مثنوی ہے ؟ 1

(xiv) تاج محل کس شہر میں ہے ؟ 1

(xv) ''خلوت'' کا متضاد کیا ہے ؟ 1



Unnati Educations
9899436384, 9654279279

26. مندرجہ ذیل اقتباس کو غور سے پڑھیے اور اس سے متعلق پوچھے گئے سوالات کے جواب لکھیے : 6

''عوامی ترسیل کا انحصار جدید ٹکنالوجی کی ایجاد پر ہے، جس سے انسانی زندگی میں انقلاب برپا ہو گیا ہے۔ زندگی کے معمولات، رہن سہن، روزمرّہ، آپسی تعلق، ضروریات، عادتیں بدل گئی ہیں۔ یہ ایجادات نہ ہوتیں تو عوامی ترسیل کو موجودہ اہمیت حاصل نہ ہوتی اور یہ خیالات کو زبانی ترسیل اور فاصلوں کو جسمانی محنت سے طے کرنے کی کوشش تک ہی محدود رہتی۔ سائنسی ترقی اور ایجادات نے پوری دنیا کو ایک عالمی گاؤں اور ساری انسانی آبادی کو ایک کنبے، ایک خاندان میں بدل دیا ہے۔''

(i) یہ اقتباس کس سبق سے لیا گیا ہے اور اس کا موضوع کیا ہے ؟

(ii) عوامی ترسیل کا انحصار کس بات پر ہے ؟

(iii) کس سے انسانی زندگی میں انقلاب برپا ہو گیا ؟

(iv) کیسے پوری دنیا ایک عالمی گاؤں بن گئی ؟

27. ذاتی خط کن لوگوں کو لکھے جاتے ہیں اور اس کے کتنے حصّے ہوتے ہیں ؟ 6

28. نیچے دیے گئے اشعار کی تشریح کیجیے اور شاعر کا نام بھی لکھیے : 4

بیٹھے ہے آدمی ہی دکانیں لگا لگا
کہتا ہے کوئی لو، کوئی کہتا ہے اور لے دو
اور آدمی ہی پھرتے ہیں رکھ سر پر خوانچا
کس کس طرح سے بیچتے ہیں چیزیں بنا بنا
اور مول رہا ہے، سو ہے وہ بھی آدمی

یا

ہے کچھ ایسی ہی بات جو چپ ہوں
ورنہ کیا بات کر نہیں آتی
ہم وہاں ہیں جہاں سے ہم کو بھی
کچھ ہماری خبر نہیں آتی

29. ''چاندنی رات کا ایک منظر'' میں منظر نگاری کی خوبیاں بیان کیجیے۔ 4

یا

نظم ''ترانۂ وطن'' کا مرکزی خیال لکھیے۔



Unnati Educations
9899436384, 9654279279

| | | |
|---|---|---|
| .30 | نظم ''آدمی نامہ'' میں بازار کی منظر کشی کس انداز میں کی گئی ہے ؟ | 4 |
| .31 | کھیل کے میدان میں ٹی وی کی اہمیت کیوں کر ہے ؟ | 4 |
| | یا | |
| | نصف بلاک اسلوب سے آپ کیا سمجھتے ہیں ؟ | |
| .32 | بوڑھا کن کاموں کو نیکی اور بھلائی کے کام سمجھتا ہے ؟ | 2 |
| .33 | طنز کا اصل مقصد کیا ہے ؟ | 2 |
| .34 | حامد کے دوست دست پناہ سے کیوں متاثر ہوئے ؟ | 2 |
| .35 | مرکب الفاظ کسے کہتے ہیں ؟ | 2 |
| .36 | 'موہ۔مایا' کے بارے میں کبیؔر نے کیا بات کہی ہے ؟ | 2 |
| .37 | ہمارے سماج میں عورت کا کیا مقام ہے ؟ | 2 |
| .38 | '' پنچ تنتر '' کے بارے میں اپنی معلومات بیان کیجئے۔ | 2 |
| .39 | صالحہ عابد حسین کے اسلوب پر چند جملے لکھیئے۔ | 2 |
| .40 | دنیا میں امن کی ضرورت کیوں ہے ؟ | 2 |
| .41 | میرؔ کی شاعری میں درد و غم اور مایوسی کی وجہ کیا ہے ؟ | 2 |
| .42 | شاعر ہندوستان میں ایکتا کا دِیا کس طرح جلانا چاہتا ہے ؟ | 2 |

- o O o -



Unnati Educations
9899436384, 9654279279